O

احتسابِ ذات ہونا چاہئے
ہر گھڑی، دن رات ہونا چاہئے

خامشی کو گفتگو کر لی جیے
بات کو بے بات ہونا چاہئے

میں کہاں اور نور کی بارش کہاں
بھیک پر اوقات ہونا چاہئے

https://emad-ahmad.com/

سجدۂ توحید و تسلیم و رضا
یہ بھی اب اک رات ہونا چاہیے

روح گویا بوجھ لگتی ہے تمہیں
بس بدن کو ذات ہونا چاہیے

جسم نے آسودگی کو چن لیا
شکوۂ حالات ہونا چاہیے

سوچ کا ماخذ سمجھنے کے لئے
حاملِ جذبات ہونا چاہیے

اک گھڑی میں اتنے افسردہ عماد
کچھ تو پاسِ ذات ہونا چاہیے

https://emad-ahmad.com/